سوال

(420)مشت زنی سے اگر انزال ہوجائے توروزہ ٹوٹ جاتا ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیاروزہ دار کے مشت زنی کرنے سے روزہ ٹوٹ جائے گا اوراس پر کیا کفارہ واجب ہوگا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر روزہ دار مشت زنی کرے اوراس سے انزال ہوجائے توروزہ ٹوٹ جائے گا اوراس پر اس دن کے روزے کی ادائے قضا واجب ہوگی لیکن کفارہ واجب نہیں ہوگا کیونکہ کفارہ صرف جماع کی صورت میں واجب ہوتا ہے۔ اسےاپنے اس فعل کی وجہ سے توبہ کرنی چاہیے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ389

محدث فتویٰ